# IGI Protect N Gain Plan

Secure your family's future with the IGI Protect N Gain Plan, a comprehensive life insurance solution.



Take charge of your financial future with the IGI Protect & Gain Plan, now with an optional Vitality feature. Enjoy the peace of mind that comes with a substantial life coverage of 250k. Safeguard your loved ones while seizing the opportunity to earn vitality rewards. It's a win-win for your financial security and overall well-being.

The plan consists of two core aspects:

**Insurance coverage:** caters to your need for financial security and provides investment opportunities.

**Vitality:** focuses on wellness by providing you with an understanding of your current health status and incentivizes you to improve your health.

**Disclosure of product:** This is a life insurance product which has two distinct elements i.e. Insurance Protection and Investment. The investment component is linked with a major portion of the fund is invested in Pakistan Investment Bonds (PIBs) and other secured investments.

## ACCOUNT VALUE BUILD-UP:

Premiums paid each year will be credited to your individual account and utilized to make secure investments. The investment earnings will be credited to the balance amount, after the deduction of monthly management charges, administration charges and cost of insurance (if any).

### Free-Look Period:

This Policy offers a free look period of 14 days from the date of receipt of the policy documents by the policyholder, during which period the Owner can cancel the Policy and get the full refund of the premium paid, less any expenses incurred by the Company in connection with the medical examination of any person(s) insured under the Policy, by returning the Policy contract to the Company.

## BENEFITS:

### Partial Withdrawal:

You have the option to make partial withdrawals from your account value after the policy has run for at least 2 years.

### Maturity Benefit:

The Account Value at maturity, after at least 10 years from the policy date, is guaranteed to be not less than the sum of Basic Premiums paid. This guarantee is subject to conditions that premiums are paid regularly and no partial withdrawal is made.

### Death Benefit:

In case the policy owner dies during the plan term, the death benefit will be the accumulated account value or the Basic Face Amount during the plan term less indebtedness, whichever is higher will be paid to the beneficiary (ies).

### Complete Surrender:

You will have the right to fully surrender your policy; with a surrender charge payable in case you decided to complete surrender during the initial policy years, a surrender charge (as tabulated below) will be deducted.

| Policy Year | % Account Value |
|---|---|
| 1 to 2 | 100% |
| 3 onwards | Nil |

### Loan:

You can take a loan of up to 90% of the net cash surrender value, which is the Account Value minus surrender charge.

### Basic Face Amount:

This is the guaranteed amount payable on the death of the insured customer. The Basic Face Amount will be a multiple of Basic Premium depending on the age of the customer as follows:

| Age | Face Amount Multiple | |
|---|---|---|
| | Minimum | Maximum |
| Up to 55 | 5 | 30 |
| 56 to 60 | 5 | 10 |
| 61 & onwards | 5 | 5 |

### Additional Benefits:

You have the choice to attach additional benefits to your basic policy and enhance the insurance coverage. These supplementary benefits are as follows:

a) **Level Term Insurance Rider (LTR):** This feature guarantees a lump sum amount payable to the beneficiary (ies) in case of death due to accident or sickness.

b) **Income Benefit Rider (IBR):** This feature will provide a monthly income to the beneficiary (ies), for the remaining IBR term from the date of death or total & permanent disability.

c) **Accident Care Benefit (ACB):** Under this feature, your beneficiary (ies) will be provided an additional lump sum amount in case of death or disability due to an accident. The minimum permitted coverage amount is Rs. 300,000 and the maximum is Rs. 5,000,000. In addition, dismemberment benefits are also payable.

d) **Family Protection Rider (FPR):** This feature guarantees payment of all your due Basic Premiums in case you were to become permanently disabled, from the date of disability to the end of the FPR term.

e) **Elaj Aasan (EA):** Elaj Aasan Face Amount will be paid if the insured is diagnosed for the first time for one of the covered

diseases provided the insured is alive after the expiry of 14 days from the date of surgery or the date of diagnosis of the disease/condition. If the insured has been diagnosed with a disease or a condition covered by EA, he/she will thereafter remain insured under EA for a reduced number of diseases or conditions in accordance with the table of First and Subsequent Diagnosis.

f) **Permanent and Total Disability (PTD):** In the event the insured suffers permanent & total disability due to accident or sickness, the PTD face amount is paid in 3 installments of 20%, 30% and 50% over 24 months period during the continuance of disability. In case the insured dies before receiving all the installments, the remaining installments are payable in a single lump sum.

g) **HealthSure:** Provides financial protection in case of illness or accident that leads to hospitalization to cover in-patient hospital expenses.

### Premium Escalation:

There is a nominal increase of 5% or 10% annually on your premium payment to reduce the effects of inflation. The corresponding increase in premium payments will increase your Basic Face Amount under the policy, without any evidence of insurability.

### Basic Premium Allocation:

As you continue the policy towards its full term, your Account Value will be credited with a proportion of the Basic Premiums that you pay in. The proportions allocated to your Account Value will be as follows:

| Policy Year | % Allocation of Basic Premium to Account Value |
|---|---|
| 1 | 57.5% |
| 2 | 75% |
| 3 | 95% |
| 4 & onwards | 100% |
| AVAP | 97% |

### Allocation Fee:

The allocation fee as a percentage of the premium on the IGI Life Protect N Gain Plan is as follows:

| Policy Year | Allocation fee % of Premium |
|---|---|
| 1 | 42.5% |
| 2 | 25% |
| 3 | 5% |
| 4 & onwards | Nil |
| AVAP | 3% |

### Vitality Benefits:

a) **Weekly Active Rewards:**
In the 1st week of activating the IGI Life Vitality app, the member gets a target to complete 300 points in a week.

On completion (achievement) of the weekly Active Reward goal, the customer will have the option to select.

an **EasyTickets** voucher as their reward. The voucher will be for a 50% discount on a cinema ticket booking with EasyTickets.

OR

a Rs. 500 Mobile Top Up voucher with **Easytickets**.

OR

a **FoodPanda** voucher as their reward. The voucher will be for a PKR 500 discount on a FoodPanda order at selected restaurants.

b) **Monthly Reward – Fitness Device Cash Back Benefit:**
Along with the weekly rewards, Vitality Members can earn up to 100% cashback towards the purchase price of a selected Fitness device over a 24-month period*, up to a maximum cashback cap on the purchase price. The member can earn their monthly cashback by performing physical activities over the course of the month, and subsequently earning the respective physical activity Vitality Points for those activities. By reaching a required physical activity points' threshold throughout the particular month, the member will receive an applicable cashback percentage level for reaching that particular points' threshold.

This Device Cashback gets credited to the customer's account value every month according to the following table.

| Points earned in a month | Device Cashback per month |
|---|---|
| < 1500 | 0% |
| 1500 – 1,999 | 25% |
| 2000 – 2,999 | 50% |
| 3,000 or more | 100% |

*Terms & Conditions apply.

c) **Annual Vitality Integrated Benefit:**
At every fifth policy anniversary, an additional amount (% of premium) will be paid into the account value as Vitality Integrated Benefit, subject to achievement of Silver, Gold or Platinum status. The percentage of the integrated benefit is dependent on the Vitality Status and the Face Amount multiple at the end of each year in the preceding 5-year period. The table below shows the percentages of the Vitality Integrated benefit:

| INTEGRATED BENEFIT | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Face Amount Multiple | Status | | | |
| | Bronze | Silver | Gold | Platinum |
| 5 to 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 to 20 | 0.0% | 2.0% | 4.0% | 9.0% |
| 21 and higher | 0.0% | 4.0% | 8.0% | 18.0% |

The Bronze, Silver, Gold and Platinum Statuses refer to the status achieved by a member as a result of the achievement of various goals and assessments/questionnaires, as set out under the terms and conditions.

### How Vitality Works:
Vitality rewards its members through a point system based on physical activity and certain health-related questionnaires. The program runs through the Vitality app on the participant's smartphone and points can be measured through the Health app or an optional wearable device.

Daily Points are awarded based on the number of steps taken for the day or increased heart rate to a level for a minimum of 30 minutes, whichever is higher.

Physical activity is measured through the Samsung Health app on Android phones and through the Health App on Apple iPhones. Both these apps sync with the IGI Life Vitality app in order to transfer the data to Vitality.

Points are awarded as per the below table:

### Steps:

| Activity Level | Steps Per Day | Points Awarded | Age 60+ boost |
|---|---|---|---|
| Minimum | 5,000 – 7,499 | 0 | 50 |
| Light | 7,500 – 9,999 | 50 | 50 |
| Moderate | 10,000 – 14,999 | 100 | 50 |
| Vigorous | 15,000+ | 200 | 50 |

### Heart Rate:

| Activity Level | Duration & Heart Rate | Points Awarded | Age 60+ boost |
|---|---|---|---|
| Moderate (60+) | 20 minutes of physical activity at 60% of age-related max heart rate | 0 | 50 |
| Moderate | 30 minutes of physical activity at 60% of age-related max heart rate | 100 | 50 |
| Vigorous | 30 minutes of physical activity at 70% of age-related max heart rate | 200 | 50 |
| | 60 minutes of physical activity at 60% of age-related max heart rate | 200 | 50 |
| Extended Duration Vigorous | 60+ minutes of at 70% of age-related max heart rate | 300 | 50 |
| | 90+ minutes of at 60% of age-related max heart rate | 300 | 50 |

### Vitality Fee:
A fee of PKR 320 will be deducted at the beginning of each month for each member from the account value. Vitality Fee may vary from time to time, at the discretion of the Company. If the customer has more than one policy of the Vitality Integrated product, then the Vitality Fee will be deducted from one policy only; no deduction of Vitality Fee will be made from the other Vitality Integrated policies. The details are in the Terms & Conditions.

### POLICY TERMS & ELIGIBILITY:
Minimum Entry Age : 18 years (Age nearest birthday)
Maximum Entry Age : 76 years (Age nearest birthday)
Minimum Policy Term : 10 years
Maximum Policy Term : up to age 85 years

### PAYMENT MODES:
Basic Premium : 250,000/-
Annually, Semi-annually & Quarterly
Minimum AVAP payment : Rs. 250,000
Maximum AVAP payment : No Limits

### CHARGES:
Management charges : 150bps of annual yield
Administration Fee : Rs. 150 per month
Vitality Fee : PKR 320 per month
Processing Fee : PKR 500 on each partial withdrawal and complete surrender

Apply for the IGI Protect N Gain Plan today and make your 'Har Pal Mehfooz'.

For further details please contact our Bancassurance Sales Manager / Officer at one of the selected MCB Branches. You can also call 111-000-622 (MCB) or visit www.mcb.com.pk/bancassurance.

**Note:**

- MCB Bank (Pvt.) Ltd. is acting as a distributor of IGI Protect N Gain Plan on behalf of IGI LIFE INSURANCE LIMITED and is not responsible in any manner whatsoever to the customer, his/her beneficiary (ies) or any third party.
- IGI LIFE INSURANCE LIMITED is registered & supervised by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
- All MCB IGI Protect N Gain Plan applications are processed and approved by IGI LIFE INSURANCE LIMITED as per their underwriting guidelines. MCB is not responsible for the processing and approval of these applications in any way whatsoever.
- This brochure provides only an introduction to the benefits available under the policy. A description of how the contract works is given in the 'Policy Documents' and 'Terms and Conditions', which will be provided after the customer(s) avails this service.

## How to Claim

### Filing a Claim

Our claim settlement procedure is prompt and hassle-free. It is advisable to consult our Customer Services services.life@IGI.COM.PK team for detailed assistance while filing your policy claim.

Here is a simple step-by-step procedure to be followed when you make a claim.

### STEP 1: INTIMATION

A claim can be lodged directly without any delay through visiting IGI Life Website Online Claim Intimation by filling given fields which shall be transmitted to Claims Department immediately.

**http://igilife.com.pk/claim-intimation/**

OR send intimation letter from the Policy Owner/ Claimant (as the case may be) under his / her signature giving particulars of loss (death, Disability or Sickness) with Cause, Date, Place and Name of Covered Person. Always remember to mention the current address and contact number of the claimant while submitting intimation.

**Claim must be lodged within 30 days of date of loss.**

### STEP 2: COMPLETE THE CLAIM FORM ALONG WITH RELEVANT DOCUMENTS

Upon intimation of loss, IGI Life will provide relevant claim forms for filing along with evidence of loss i.e. Death Certificate, Original Policy Document, CNIC of insured and nominee(s), Hospital Record, Police Report and Post Mortem Report (in case of accident only) or any other requirement as called by IGI Life based upon the nature of events. Forms can be directly downloaded from our website.

**http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/**

**Arrange for medical bills/reports for medical related claims:** In case of hospitalization or medical related claims, produce all medical bills (original) and medical report (photocopies) issued by the attending provider.

**Attestation:** Documents can be submitted in original or photocopies, attested by a Gazetted Government Official/Issuing authority. Original copies of documents may be called for inspection.

### STEP 3: SUBMIT REQUIRED DOCUMENTS ALONG WITH THE CLAIM FORM

The Original documents & forms (hard copy) properly completed, signed and witnessed must be submitted with IGI Life Head Office within 90 days after the loss for which the claim is made.

### STEP 4: SETTLEMENT

A claim is settled as soon as requirements to the satisfaction of IGI Life are submitted at its Head Office.

### NOTE:

Kindly ensure that in case of claim by Policy Owner, all documents and forms are signed by you as per signature affixed by you on your Policy's original Proposal Form/CNIC.

Contact IGI LIFE INSURANCE LIMITED at:

IGI Life Vitality

**IGI Life Insurance Limited:** Suite No. 701-713, 7th Floor, The Forum, G-20, Block 9, Khayaban-e-Jami, Clifton, Karachi–75600, Pakistan.
UAN: (+92-21) 111-111-711, Tel: (+92-21) 35360040, Fax: (+92-21) 35290042
E-mail: vitality@igi.com.pk, Web: www.igilife.com.pk

# آئی جی آئی پروٹیکٹ اینڈ گین پلان

آئی جی آئی پروٹیکٹ اینڈ گین پلان کے ذریعے اپنی فیملی کا مستقبل محفوظ بنائیں،
ایک جامع لائف انشورنس حل

IGI Life

Vitality®



آئی جی آئی پروٹیکٹ اینڈ گین پلان کے ذریعے اختیاری وائیٹیلٹی خصوصیت کے ساتھ اپنے مالی مستقبل کا چارج سنبھالیں۔ دولاکھ پچاس ہزار میں قابل قدر لائف کوریج کے ساتھ ذہنی سکون حاصل کریں۔ وائیٹیلٹی انعامات کے ساتھ ساتھ اپنے پیاروں کا مستقبل بھی محفوظ کریں۔ یہ پلان آپ کے مالی تحفظ اور جسمانی صحت کے لیے ہر لحاظ سے بہترین ہے۔

یہ پلان دو بنیادی پہلوؤں پر مشتمل ہے:

**انشورنس کوریج:** جو آپ کی مالی تحفظ کی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

**وائیٹیلٹی:** جس کی توجہ آپ کی موجودہ صحت سے متعلق معلومات فراہم کرنے اور صحت کی بہتری پر انعام دینے پر مرکوز ہے۔

**پراڈکٹ کی وضاحت:** یہ ایک لائف انشورنس پراڈکٹ ہے، جس کے دو بنیادی عناصر ہیں؛ یعنی انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا عنصر ایک ایسے فنڈ کی کارکردگی کے ساتھ مشروط ہے، جس کے اکثر حصے کی سرمایہ کاری پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (PIBs) اور دیگر محفوظ مواقع میں کی جاتی ہے۔

### اکاؤنٹ ویلیو کا انتظام:

ہر سال ادا کردہ پریمیم کو آپ کے انفرادی اکاؤنٹ میں منتقل کر کے محفوظ سرمایہ کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی آمدن میں سے ماہانہ مینجمنٹ چارجز، انتظامی چارجز اور لائف انشورنس کی لاگت (اگر کوئی ہو) منہا کرنے کے بعد باقی ماندہ رقم کو اکاؤنٹ میں شامل کر دیا جاتا ہے۔

### فری لُک پیریڈ (سوچ و بچار کی مدت):

اس پالیسی میں دستاویزات کی وصولی کے بعد پالیسی ہولڈر کو 14 دن کا فری لک پیریڈ بھی ملتا ہے، اس مدت کے دوران پالیسی کا مالک، پالیسی کے کاغذات واپس کر کے اپنی پالیسی ختم کر سکتا ہے اور اپنا ادا کردہ مکمل پریمیم واپس لے سکتا ہے، جس میں سے کمپنی کی طرف سے اس پالیسی کے تحت شامل کسی بھی فرد کے طبی اور کلینکل تجزیہ کے لیے ادا کردہ اخراجات کی کٹوتی کی جائے گی۔

## فوائد

### جزوی دستبرداری:

کم از کم دو سال تک پالیسی جاری رہنے کے بعد آپ اپنی اکاؤنٹ ویلیو سے جزوی طور پر رقم نکلوا سکتے ہیں۔

### تکمیلی فوائد:

اس بات کی ضمانت دی جاتی ہے کہ پالیسی کی تاریخ سے 10 سال کے بعد پالیسی کی تکمیل پر اکاؤنٹ ویلیو ادا کردہ بنیادی پریمیم کے برابر ہوگی۔ یہ ضمانت اس بات سے مشروط ہے کہ پریمیم باقاعدگی سے ادا کیے گئے ہوں اور کوئی جزوی دستبرداری نہ کی گئی ہو۔

### وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد:

پلان کی مدت میں اگر پالیسی کے مالک کی وفات ہو جائے تو ایسی صورت میں مجموعی اکاؤنٹ ویلیو یا بنیادی فیس اماؤنٹ میں سے قرض کی رقم منہا کرنے کے بعد ان دونوں میں سے جس کی مالیت زیادہ ہوگی، آپ کے مستفید (مستفیدین) کو اس مالیت کی ادائیگی کی جائے گی۔

### مکمل اختتام:

کسٹمر کو اپنی اکاؤنٹ ویلیو میں موجود یونٹس کو ختم کر کے پالیسی سے مکمل دستبرداری کا حق حاصل ہے۔ پہلے دو سالوں میں مکمل دستبرداری کی صورت میں (درجِ ذیل ٹیبل کے اعتبار سے) سرنڈر چارجز کی کٹوتی کی جائے گی:

| پالیسی کا سال | اکاؤنٹ ویلیو کی شرح |
|---|---|
| 1 - 2 | 100% |
| 3 سے آگے | کوئی نہیں |

### قرض:

اکاؤنٹ ویلیو سے سرنڈر چارجز منہا کرنے کے بعد آپ صافی کیش سرنڈر ویلیو کی 90% کے برابر رقم قرض کے طور پر بھی لے سکتے ہیں۔

### بنیادی فیس اماؤنٹ:

یہ وہ ضمانت شدہ رقم ہے جو انشورڈ کسٹمر کی وفات کی صورت میں ادا کی جائے گی۔ بنیادی فیس اماؤنٹ، بنیادی پریمیم کا حاصل ضرب ہوگا جو کسٹمر کی عمر کے اعتبار سے درجِ ذیل طریقے سے ہوگا:

| عمر | فیس اماؤنٹ کا حاصل ضرب | |
|---|---|---|
| | کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| 55 سال تک | 5 | 30 |
| 56 تا 60 سال | 5 | 10 |
| 61 اور اس کے بعد | 5 | 5 |

### اضافی فوائد:

آپ اپنی بنیادی پالیسی کے ساتھ اضافی فوائد منسلک کر کے اپنی انشورنس کوریج بڑھا سکتے ہیں۔ اس پالیسی کے ساتھ حاصل شدہ ضمنی فوائد درج ذیل ہیں:

الف) **لیول ٹرم انشورنس رائڈر (LTR):** کسی حادثہ یا بیماری کی وجہ سے وفات ی صورت میں یہ رائڈر مستفید (مستفیدین) کو یکمشت رقم کی ادائیگی کی ضمانت دیتا ہے۔

ب) **انکم بینیفٹ رائڈر (IBR):** اس خصوصیت کے تحت، مستفید (مستفیدین) کو وفات یا مستقل اور مکمل معذوری کی تاریخ سے اس رائڈر کی بقیہ مدت تک ماہانہ آمدن کا فائدہ فراہم کیا جائے گا۔

ج) **ایکسیڈنٹ کیئر بینیفٹ (ACB):** اس خصوصیت کے تحت، کسی حادثہ کی وجہ سے وفات یا معذوری کی صورت میں آپ کے مستفید (مستفیدین) کو اضافی رقم یکمشت فراہم کی جائے گی۔ اس فائدے کے تحت کم سے کم رقم 300,000 اور زیادہ سے زیادہ 5,000,000 ہے۔ اس کے علاوہ عضو کی علیحدگی کی صورت میں ملنے والے فوائد بھی ادا کیے جائیں گے۔

د) **فیملی پروٹیکشن رائڈر (FPR):** اگر آپ مستقل طور پر معذور ہو جائیں تو یہ رائڈر اس معذوری کی تاریخ سے اس رائڈر کے اختتام تک تمام واجب الاداء بنیادی پریمیم کی ادائیگی کی ضمانت دیتا ہے۔

ھ) **علاج آسان (EA):** اگر انشورڈ شخص کو پہلی مرتبہ کسی ایسی بیماری کی تشخیص ہوتی ہے جو اس پلان کے تحت کورڈ ہے اور انشورڈ شخص اس بیماری کی تشخیص یا اس کی سرجری کی تاریخ کے 14 دن گزرنے کے بعد تک زندہ رہے تو اس کو علاج آسان رائڈر کے تحت فیس اماؤنٹ کی ادائیگی کی جائے گی اور علاج آسان کے تحت پہلی اور آنے والی تشخیص کے ٹیبل کے اعتبار سے کم بیماریوں کی تعداد کے لیے انشورڈ رہے گا۔

**و) مستقل اور مکمل معذوری (PTD):** اگر کسی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے انشورڈ شخص مستقل یا مکمل طور پر معذور ہو جائے تو معذوری کے دورانیے میں 24 ماہ کے اندر اس رائڈر کے تحت فیس اماؤنٹ 20%، 30% اور 50% کی تین قسطوں میں ادا کی جائے گی۔ اگر تمام اقساط کی وصولی سے پہلے پالیسی ہولڈر کی وفات ہو جائے تو باقی ماندہ رقم یکمشت ادا کر دی جائے گی۔

**ز) ہیلتھ شیور:** یہ رائڈر بیماری یا حادثہ کی صورت میں ہسپتال میں داخل ہو کر علاج کے اخراجات کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

### پریمیم میں اضافہ:

مہنگائی کے اثرات سے بچنے کے لیے بنیادی پریمیم میں سالانہ 5% یا 10% کا معمولی اضافہ کیا جائے گا۔ اس اضافہ کی وجہ سے اس پالیسی کے تحت انشورنس کی اہلیت کے ثبوت کے بغیر آپ کے بنیادی فیس اماؤنٹ میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔

### بنیادی پریمیم کی تخصیص:

اگر آپ مکمل مدت تک پالیسی جاری رکھتے ہیں تو آپ کی اکاؤنٹ ویلیو میں مخصوص شرح کے اعتبار سے ادا کردہ بنیادی پریمیم کی تخصیص ہوگی۔ تخصیص کی شرح درج ذیل ہے:

| پالیسی کا سال | اکاؤنٹ ویلیو میں بنیادی پریمیم کی تخصیص کی شرح |
|---|---|
| 1 | 57.5% |
| 2 | 75% |
| 3 | 95% |
| 4 اور اس کے بعد | 100% |
| اے وی اے پی | 97% |

### ایلوکیشن فیس:

آئی جی آئی لائف پروٹیکٹ اینڈ گین پلان پر پریمیم کی مخصوص شرح کے اعتبار سے درجِ ذیل ایلوکیشن فیس لاگو ہوگی:

| پالیسی کا سال | بنیادی پریمیم کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس |
|---|---|
| 1 | 42.5% |
| 2 | 25% |
| 3 | 5% |
| 4 اور اس کے بعد | کوئی نہیں |
| اے وی اے پی | 3% |

### وائیٹیلٹی فوائد:

**ہفتہ وار فعال انعامات:**

آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی کی ایپلیکیشن ایکٹیویٹ کرنے کے پہلے ہفتے میں ممبر کو ایک ہفتے میں 300 پوائنٹس کا ایک ہدف مکمل کرنے کے لیے ملے گا۔

ہفتہ وار ہدف مکمل کرنے پر ممبر کو درجِ ذیل میں کسی ایک کے انتخاب کا حق حاصل ہوگا۔

**انعام کے طور پر ایزی ٹکٹ واؤچر:** یہ واؤچر ایزی ٹکٹ کے ساتھ سینیما ٹکٹ کی بکنگ پر 50% رعایت پر مشتمل ہوگا۔

یا

**ایزی ٹکٹ** کے ذریعے 500 روپے کا موبائل ٹاپ اپ واؤچر

یا

**انعام کے طور پر فوڈ پانڈا کا واؤچر:** یہ واؤچر منتخب ریسٹورنٹ پر فوڈ پانڈا کے آرڈر پر 500 روپے کی رعایت پر مشتمل ہوگا۔

**ماہانہ انعام- فٹنس ڈیوائس اور قیمت کی واپسی**

ہفتہ وار انعام کے ساتھ، وائیٹیلٹی ممبرز منتخب فٹنس ڈیوائس کی خریداری پر 24 ماہ کے دورانیے * میں 100% قیمت کی واپسی کا فائدہ بھی حاصل کر سکتے ہیں، زیادہ سے زیادہ قیمت کی واپسی کا فائدہ قیمتِ خرید کی حد تک ہی ہو سکتا ہے۔ ممبرز ماہانہ قیمت کی واپسی کا فائدہ اس ماہ کے دوران جسمانی سرگرمیوں کے ذریعے حاصل کر سکتے ہیں، جس کے ذریعے انہیں جسمانی سرگرمی سے متعلق وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل ہوں گے۔ اس مکمل مہینے میں مقررہ پوائنٹس کی خاص حد تک پہنچنے پر ممبر کو قیمت کی واپسی کا مخصوص فیصدی حصہ ملے گا۔

اس ڈیوائس پر ملنے والا قیمت کی واپسی کا فائدہ ذیل میں ذکر کردہ ٹیبل کے اعتبار سے ہر ماہ کسٹمر کی اکاؤنٹ ویلیو میں جمع ہو جائے گا:

| مہینے میں حاصل کردہ پوائنٹس | قیمت کی واپسی کی شرح |
|---|---|
| 1500 سے کم | 0% |
| 1500 - 1,999 | 25% |
| 2000 - 2,999 | 50% |
| 3,000 یا زیادہ | 100% |

* شرائط و ضوابط لاگو ہیں۔

**سالانہ جامع وائیٹیلٹی فوائد:**

پالیسی کی ہر پانچویں سالگرہ کے موقع پر اضافی رقم (پریمیم کی شرح) اکاؤنٹ ویلیو میں سلور، گولڈ یا پلاٹینم حیثیت سے مشروط جامع وائیٹیلٹی فوائد کے طور پر ڈالی جائے گی۔ جامع فوائد کی شرح اگلے آنے والے 5 سالوں میں ہر سال کے اختتام پر وائیٹیلٹی حیثیت اور فیس اماؤنٹ کے حاصل ضرب کے اعتبار سے مختلف ہو سکتی ہے۔ مندرجہ ذیل ٹیبل میں جامع وائیٹیلٹی فوائد کی شرح بیان کی گئی ہیں:

| جامع فوائد | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فیس اماؤنٹ کا حاصل ضرب | حیثیت | | | |
| | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
| 5 سے 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 سے 20 | 0.0% | 2.0% | 4.0% | 9.0% |
| 21 اور اس سے زائد | 0.0% | 4.0% | 8.0% | 18.0% |

برانز، سلور، گولڈ اور پلاٹینم سے مراد وہ حیثیت ہے جو ممبر شرائط و ضوابط کے تحت مختلف اہداف / تجزیہ / سوالنامہ کے نتیجے کے طور پر حاصل کرتا ہے۔

## وائیٹیلٹی کس طرح کام کرتا ہے؟

وائیٹیلٹی ، اپنے ممبرز کو جسمانی سرگرمی اور صحت سے متعلق سوالنامہ کی بنیاد پر پوائنٹ سسٹم کے ذریعے انعامات دیتا ہے۔ یہ پروگرام وائیٹیلٹی کی ایپلیکیشن کے ذریعے ممبر کے اسمارٹ فون سے چلتا ہے اور پوائنٹس ہیلتھ ایپلیکیشن یا پہنی جانے والی ڈیوائس کے ذریعے معلوم کیے جاسکتے ہیں۔

روزانہ کے پوائنٹس ایک دن میں کم از کم 30 منٹ پیدل چلنے والے قدموں یا ایک خاص حد تک بڑھی ہوئی دل کی رفتار میں سے جو زیادہ ہو کے ذریعے حاصل ہوں گے۔

جسمانی سرگرمی کی معلومات اینڈ رائڈ موبائل میں سام سنگ ہیلتھ ایپ اور ایپل آئی فون میں ہیلتھ ایپ کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ یہ دونوں ایپلیکیشن آئی جی آئی لائف وائیٹیلٹی ایپلیکیشن سے منسلک ہیں، جس سے ڈیٹا وائیٹیلٹی کی طرف منتقل ہوتا رہتا ہے۔

ذیل میں دیے گئے ٹیبل کے اعتبار سے پوائنٹس دیے جائیں گے:

### قدم:

| سرگرمی کی حد | ایک دن میں قدم | حاصل ہونے والے پوائنٹ | عمر+60 |
|---|---|---|---|
| کم از کم | 5,000 – 7,499 | 0 | 50 |
| معمولی | 7,500 – 9,999 | 50 | 50 |
| معتدل | 10,000 – 14,999 | 100 | 50 |
| بھرپور | 15,000+ | 200 | 50 |

### دل کی دھڑکن:

| سرگرمی کی حد | دورانیہ اور دل کی دھڑکن | حاصل ہونے والے پوائنٹ | عمر+60 |
|---|---|---|---|
| اعتدال میں (+60) | 20 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 فیصد سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 0 | 50 |
| اعتدال | 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 فیصد سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 100 | 50 |
| سخت ورزش | 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 70 فیصد سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 200 | 50 |
| | 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 فیصد سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 200 | 50 |
| زیادہ دورانیہ کی سخت ورزش | 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 70 فیصد سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 300 | 50 |
| | 90 منٹ کی جسمانی سرگرمی پر 60 فیصد سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے دل کی دھڑکن کی رفتار | 300 | 50 |

### وائیٹیلٹی فیس:

ہر مہینے کے شروع میں ہر ممبر کی اکاؤنٹ ویلیو سے 320 روپے کی کٹوتی ہوگی۔ وقت کے ساتھ ساتھ کمپنی کی صوابدید پر وائیٹیلٹی فیس میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ اگر کسٹمر کے پاس ایک سے زیادہ جامع وائیٹیلٹی پراڈکٹ ہوں تو وائیٹیلٹی فیس صرف ایک پالیسی سے ہی منہا کی جائے گی اور دیگر وائیٹیلٹی پالیسیز سے کسی قسم کی کٹوتی نہیں ہوگی۔ مزید تفصیل شرائط وضوابط میں موجود ہیں۔

### پالیسی کی مدت اور اہلیت:

| | | |
|---|---|---|
| اندراج کے وقت کم سے کم عمر | : | 18 سال (قریب ترین سالگرہ کے اعتبار سے) |
| اندراج کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر | : | 76 سال (قریب ترین سالگرہ کے اعتبار سے) |
| پالیسی کی کم سے کم مدت | : | 10 سال |
| پالیسی کی زیادہ سے زیادہ مدت | : | 85 سال کی عمر تک |

### طریقہ ادائیگی:

| | | |
|---|---|---|
| بنیادی پریمیم | : | 250,000/- |
| | | سالانہ، ششماہی اور سہ ماہی |
| کم سے کم اکاؤنٹ ویلیو ایکسلیریشن پریمیم | : | 250,000/- |
| زیادہ سے زیادہ اکاؤنٹ ویلیو ایکسلیریشن پریمیم | : | کوئی حد نہیں |

### چارجز:

| | | |
|---|---|---|
| مینیجمنٹ چارجز | : | سالانہ نفع کا 150 بیسس پوائنٹ |
| انتظامی چارجز | : | ہر ماہ 150 روپے |
| وائیٹیلٹی فیس | : | ہر ماہ 320 روپے |
| پراسیسنگ فیس | : | ہر جزوی یا مکمل دستبرداری پر 500 روپے |

آئی جی آئی پروٹیکٹ اینڈ گین کے لیے اپلائی کیجیے اور بنایئے اپنا ''ہر پل محفوظ''۔

مزید تفصیلات کے لیے ازراہِ کرم منتخب کردہ ایم سی بی برانچ میں موجود ہمارے بینکا اشورنس سیلز مینیجر/آفیسر سے رابطہ کریں۔ آپ (MCB) 622-000-111 پر بھی کال کرسکتے ہیں یا www.mcb.com.pk/bancassurance وزٹ کرسکتے ہیں۔

### نوٹ:

- ایم سی بی بینک، آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ کی جانب سے آئی جی آئی پروٹیکٹ اینڈ گین پلان کے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کر رہا ہے اور بینک کسی بھی صورت میں کسٹمر، اس کے مستفید (مستفیدین) یا فریقِ ثالث کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے اور اسی کے زیرِ نگرانی کام کر رہا ہے۔
- ''ایم سی بی - آئی جی آئی پروٹیکٹ اینڈ گین پلان'' کی تمام درخواستوں کی پراسیسنگ اور منظوری آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ اپنی انڈر رائٹنگ گائیڈ لائنز کے مطابق کرتا ہے۔ ایم سی بی، کسی بھی صورت میں ان درخواستوں کی پراسیسنگ اور منظوری کا ذمہ داری نہیں ہوگا۔
- یہ کتابچہ اس پالیسی کے تحت حاصل شدہ فوائد کا تعارف پیش کرتا ہے۔ یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے، اس کی تفصیل ''پالیسی کے دستاویزات'' اور ''شرائط وضوابط'' میں موجود ہے اور یہ دستاویزات پالیسی حاصل کرنے کے بعد کسٹمر کو فراہم کیے جائیں گے۔

# کلیم کس طرح کیا جائے؟

## کلیم کا اندراج

ہمارا کلیم کی ادائیگی کا طریقہ کار بہت آسان اور فوری ہے۔ کسی قسم کی پریشانی سے بچنے کے لیے پالیسی کلیم سے پہلے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@igi.com.pk پر تفصیلی تعاون حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں۔
یہاں آپ کو کلیم کرنے کا سادہ اور مرحلہ وار طریقہ کار بیان کیا جا رہا ہے۔

## پہلا مرحلہ: اطلاع

آپ اپنے کلیم کی براہِ راست اطلاع بغیر کسی تاخیر کے آئی جی آئی لائف کی ویب سائٹ پر ضروری خانے پُر کر کے آن لائن بھی دے سکتے ہیں، جو فوراً ہمارے شعبۂ کلیم کے پاس پہنچ جائے گی۔

https://igilife.com.pk/claim-intimation/

یا پالیسی کے مالک/کلیم کنندہ کی جانب سے ان کے دستخط کے ساتھ نقصان (وفات، معذوری یا بیماری) کی تفصیلات اس کی وجہ، تاریخ، مقام اور کورڈ شخص کے نام کے ساتھ اطلاعی خط بھیجیں۔ اطلاع دیتے وقت کلیم کنندہ کا موجودہ پتہ، رابطہ نمبر دینا نہ بھولیں۔

نقصان کی تاریخ سے 30 کے اندر اندر کلیم کی اطلاع کرنا ضروری ہے۔

## دوسرا مرحلہ: متعلقہ دستاویزات کے ساتھ کلیم فارم مکمل کریں

کلیم کی اطلاع کے بعد آئی جی آئی لائف کی طرف سے آپ کو متعلقہ کلیم فارم نقصان کے ثبوت مثلاً وفات کا سرٹیفکیٹ، اصل پالیسی کے کاغذات، پالیسی ہولڈر اور نامزد ورثاء کے شناختی کارڈ، ہسپتال کا ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم رپورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا نقصان کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے آئی جی آئی لائف کی جانب سے مطلوب کسی اور دستاویز کے ساتھ جمع کروانے کے لیے مہیا ہوگا، یہ فارم آپ براہِ راست ہماری ویب سائٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کر سکتے ہیں۔

https://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

**میڈیکل سے متعلق کلیم حاصل کرنے کے لیے میڈیکل بل/رپورٹ جمع کروائیں:** ہسپتال میں داخل ہو کر علاج کروانے یا میڈیکل سے متعلق کلیم حاصل کرنے کے لیے مجاز افسر کی جانب سے جاری کردہ تمام میڈیکل بل (اصل) اور میڈیکل رپورٹس (نقول) پیش کرنے ہوں گے۔

**تصدیق:** دستاویزات اصل بھی جمع کروا سکتے ہیں اور نقول بھی، البتہ ان کاغذات کا مجاز سرکاری افسر/متعلقہ اتھارٹی کی جانب سے تصدیق ہونا ضروری ہے۔ مزید تجزیہ کے لیے اصل کاغذات کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے۔

## تیسرا مرحلہ: مطلوبہ کاغذات کے ساتھ کلیم فارم جمع کروائیں

نقصان پیش آنے کے 90 دن کے اندر اندر مکمل اور گواہوں کے دستخط کے ساتھ اپنے اصل کاغذات اور فارم آئی جی آئی لائف کے ہیڈ آفس میں جمع کروانا ضروری ہے۔

## چوتھا مرحلہ: کلیم کی ادائیگی/تصفیہ

جونہی کلیم کی قابل اطمینان مطلوبہ دستاویزات آئی جی آئی لائف کے ہیڈ آفس میں جمع کروائی جائیں گی، کلیم جلد از جلد ادا کر دیا جائے گا۔

## نوٹ:

اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ اگر پالیسی کے مالک کی جانب سے کلیم کیا جا رہا ہو تو تمام کاغذات اور فارم آپ کے انہیں دستخط کے ساتھ ہونے چاہئیں جو آپ کے اصل کاغذات/شناختی کارڈ پر موجود ہیں۔


آئی جی آئی لائف سے رابطہ کرنے کیلئے۔

IGI Life Vitality®

آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ: ساتویں منزل، دی فورم،
سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن کراچی۔ 75600، پاکستان۔
UAN: 111-111-711 (21-92+)
ٹیلی فون: 35360040 (21-92+)، فیکس: 35290042 (21-92+)
ای میل: vitality@igi.com.pk، ویب: www.igilife.com.pk